عینک فریدی

زبان میری ہے بات اُن کی

☆۵۰۰ بچوں سے مولویوں کی زیادتی کی تحقیقات ہورہی ہیں۔(وزیر مملکت ڈاکٹر عامر لیاقت حسین)

● اپنے اوپر آنچ نہیں آنے دیتے — صاف مکر جاتے ہو دل میلا کر کے
تم تو گئے تھے باتھ میں صرف نہانے کو — اتنی مدت بعد آئے ہو کیا کر کے

☆مفتی ٹیکسی کا رنہ دینے پر تھانیدار کا ڈرائیور پر تشدد۔(ایک خبر)

● تمہی نادم نہیں اپنے کئے پر — اسے بھی شرمساری ہو رہی ہے

☆نقاب میں چھپی خواتین' نظریہ اسلام کی پسماندہ تصور کشی کرتی ہیں۔(پرویز مشرف)

● واہ! روشن اسلام کی تصویر تو صہبا پرویز پیش کر رہی ہے۔

اندھے کو اندھیرے میں بہت دور کی سوجھی

☆کسی کو ڈاکٹر عبدالقدیر سے تحقیقات کی اجازت نہیں دی جائے گی۔(مسعود خان)

● ڈاکٹر عبدالقدیر خان سے تحقیقات کی اجازت مل گئی۔(ایٹمی توانائی ایجنسی)

☆صدر کا مرتبہ مجھے اللہ تعالیٰ نے عطا کیا ہے۔(پرویز مشرف)

● اللہ تم سے یہ مرتبہ چھین لے۔(آمین)

☆میں چوری پر ہاتھ کاٹنے کی سزا نافذ کر کے ساری قوم کے غریبوں کو ٹنڈا بنا دوں؟(پرویز مشرف)

● ساری قوم کے غریب چور ہیں؟ چوروی کہندے چورو چور

☆بچپن میں کسی بڑے یا تلخ تجربے کا شکار نہیں ہوا۔ پروفیسر ابراہیم کا الزام ناشائستہ ہے۔(وزیر مملکت عامر لیاقت حسین)

● سامنے آکر بات کرو تو پتہ چلے — آتی ہے آواز تمہاری کونے سے

☆حکومت کے اقدامات کے نتیجے میں ملک سے غربت ختم کرنے میں مدد مل رہی ہے۔(پرویز مشرف)

● وحشت میں ہر اک نقشہ الٹا ہی نظر آتا ہے — مجنوں نظر آتی ہے' لیلیٰ نظر آتا ہے

☆قرآن مجید محلے کی خالہ سے پڑھا' کسی مولوی عبدالقدوس سے نہیں۔(ڈاکٹر عامر لیاقت حسین)

● چل' جھوٹے کہیں کے۔

☆زرداری کی رہائی، پھر گرفتاری، پھر رہائی۔(ایک خبر)

● کیا اسیری ہے کیا رہائی ہے — سنٹ پرسنٹ تیری دہائی ہے